اسی طرح سے اعداد (انسان ۔ انعام) کے ساتھ برابر ہیں، جیسا کہ آپ کے سامنے حاضر ہیں، انسان مجسم اللہ کی نعمتوں کا مجموعہ ہے، اسی لیے تو امیر المومنین علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں، **اتزعم انك جرم صغير وفيك انطوى العالم الاكبر** مولا فرماتے ہیں اے انسان کیا تو یہ گمان کرتا ہے کہ تو ایک چھوٹا سا جسم ہے بلکہ تیرے اندر اللہ کا عالم اکبر سمایا ہوا ہے،

﴿انسان اور انعام ابجد کے آئینے میں﴾

﴿انسان﴾	ا	ن	س	ا	ن	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۵۰	۶۰	۱	۵۰	﴿۱۶۲﴾
﴿انعام﴾	ا	ن	ع	ا	م	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۵۰	۷۰	۱	۴۰	﴿۱۶۲﴾

آپ نے مشاہدہ فرمایا کہ اعداد (انسان ۔ انعام) کے ساتھ برابر ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

اور اسی طرح سے اگر انسان بغور مطالعہ کرے اور دقیق نگاہ کرے تو اس کے سامنے واضح ہو جائے گا، کہ اعداد (وجود۔ واحد) کے ساتھ برابر ہیں، ملاحظہ ہو، بسم اللہ کے حروف ۱۹ ہیں، اور پنجتن پاک کے حروف بھی ۱۹ ہی ہیں،

﴿وجود اور واحد ابجد کے آئینے میں﴾

﴿وجود﴾	و	ج	و	د	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۶	۳	۶	۴	﴿۱۹﴾
﴿واحد﴾	و	ا	ح	د	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۶	۱	۸	۴	﴿۱۹﴾

اور اعداد (رسول۔ رہنما) کے ساتھ برابر ہیں، اور یہ تو سب ہی جانتے ہیں کہ رہنما حقیقی واقعی رسول ہوتا ہے اور اتفاق سے اس کے عدد بھی برابر ہیں،

﴿رسولؐ اور رہنما ابجد کے آئینے میں﴾

﴿رسول﴾	ر	س	و	ل		﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۲۰۰	۶۰	۶	۳۰		﴿۲۹۶﴾
﴿رہنما﴾	ر	ہ	ن	م	ا	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۲۰۰	۵	۵۰	۴۰	۱	﴿۲۹۶﴾

اور اسی طرح سے سرکار رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور امام زمانؑ کی کنیت بھی ابوالقاسم ہے (ابو القاسم۔ اور ملك یوم الدین) کے اعداد برابر ہیں، پس نام محمد اور کنیت ابوالقاسم کا اجتماع درست نہیں ہے، ایک آدمی کہ جو نام محمد رکھتا ہے وہ اس کے ساتھ کنیت ابوالقاسم نہیں رکھ سکتا، اور جو ابوالقاسم کنیت رکھتا ہے، وہ نام محمد نہیں رکھ سکتا، ان دونوں کا اجتماع جائز نہیں ہے،

Presented by Ziaraat.Com

سرکار کے اس اسم مقدس میں حضرت امام زمانہؑ شریک ہیں، اور حضرت محمد حنفیہ بھی اس شراکت میں شامل ہیں، کیونکہ خود سرکارؑ نے ارشاد فرمایا کہ یہ محمد حنفیہ اور صاحب العصر والزمانؑ کے علاوہ کسی کے لیے بھی جائز نہیں ہے کہ ان کا اجتماع کرے،

سوال یہ ہے کہ جب کوئی نام رکھنے میں سرکار کی برابری نہیں کرسکتا تو وجود میں کیسے برابری کرسکتا ہے، یہ شفیع محشر بھی ہیں ساقی کوثر بھی ہیں،

﴿ابوالقاسمؑ ابجد کے آئینے میں﴾

﴿ابوالقاسمؑ﴾	ا	ب	و	ا	ل	
﴿اعداد﴾	۱	۲	۶	۱	۳۰	
﴿ابوالقاسمؑ﴾	ق	ا	س	م	-----	----- ﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱۰۰	۱	۶۰	۴۰	-----	----- ﴿۲۴۱﴾

﴿ملک یوم الدین ابجد کے آئینے میں﴾

﴿ملك يوم الدين﴾	م	ل	ک	ی	و	م	
﴿اعداد﴾	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰	۶	۴۰	
﴿ملك يوم الدين﴾	ا	ل	د	ی	ن	-----	----- ﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۳۰	۴	۱۰	۵۰	-----	----- ﴿۲۴۱﴾

رب العزت قرآن کریم میں ارشاد فرمارہا ہے، کہ میرے حبیبؐ اللہ اس قوم پہ عذاب نہیں کرے گا **وانت فیهم** جب کہ تو اس قوم کے درمیان میں موجود ہے، تو سرکارؑ کے وجود کی وجہ سے اللہ کافروں پر عذاب ظاہری دنیوی نہیں کرتا، تو عقل کی بات ہے، جس کے دل میں سرکار کی محبت آجائے، اس پر جہنم کا عذاب کیسے ہوسکتا ہے تو معلوم ہوا کہ کائنات کی امان سرکارؑ کے اسم مقدس کی وجہ

Presented by Ziaraat.Com

سے ہے، شائید اسی وجہ سے اعداد (**محمدؐ امان**) کے برابر ہیں،

﴿محمدؐ اور امان ابجد کے آئینے میں﴾

﴿محمدؐ﴾	م	ح	م	د	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۴۰	۸	۴۰	۴	﴿۹۲﴾
﴿امان﴾	ا	م	ا	ن	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۴۰	۱	۵۰	﴿۹۲﴾

اور اسی طرح سے اعداد (حب محمدؐ۔ ایمان) کے ساتھ برابر ہیں، ملاحظہ ہو،

مولا علیؑ کے بیّنات (۱۰۲) بسم کے زُبُر (۱۰۲) ایمان کے زُبُر (۱۰۲) ہے،

﴿حب محمدؐ اور ایمان ابجد کے آئینے میں﴾

﴿حب محمدؐ﴾	ح،ب	م،ح	م	د	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۲،۸	۸،۴۰	۴۰	۴	﴿۱۰۲﴾
﴿ایمان﴾	ا،ی	م	ا	ن	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	ا۔۱۰	۴۰	۱	۵۰	﴿۱۰۲﴾

اور جب ہم **قائد الغر المحجلین اسد الله الغالب غالب علی کل غالب** کے اعداد پہ ایک نگاہ ڈالتے ہیں تب بھی ہمارے سامنے اعداد میں چھپے ہوئے فضائل کے دریا آشکار ہوتے ہیں جن میں سے چند ایک کچھ اس طرح سے ہیں، اعداد (**امام ۔ اعجاز**) کے ساتھ برابر ہیں، اس لیے کہ امام اللہ کا معجزہ ہے، معجزہ الٰہی کو بھی امام کہتے ہیں، قرآن بھی معجزہ امام بھی معجزہ، قرآن وقتی معجزہ نہیں، امام وقتی معجزہ نہیں، قرآن دائمی معجزہ امام دائمی معجزہ، اسی لیے امام اور اعجاز دونوں کے اعداد برابر ہے،

Presented by Ziaraat.Com

﴿امام اور اعجاز ابجد کے آئینے میں﴾

﴿امام﴾	ا	م	ا	م		﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۴۰	۱	۴۰		﴿۸۲﴾
﴿اعجاز﴾	ا	ع	ج	ا	ز	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۷۰	۳	۱	۷	﴿۸۲﴾

اور اعداد (علی۔ بحق) کے ساتھ برابر ہیں، ملاحظہ فرمائیں،

﴿علی اور بحق ابجد کے آئینے میں﴾

﴿علی﴾	ع	ل	ی	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۷۰	۳۰	۱۰	﴿۱۱۰﴾
﴿بحق﴾	ب	ح	ق	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۲	۸	۱۰۰	﴿۱۱۰﴾

اور اعداد (الالمح۔ علی) کے ساتھ برابر ہیں،

﴿الالمح اور علی ابجد کے آئینے میں﴾

﴿الالمح﴾	ا	ل	ا	م	ل	ح	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۳۰	۱	۴۰	۳۰	۸	﴿۱۱۰﴾
﴿علی﴾	ع	ل	ی	—	—	—	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۷۰	۳۰	۱۰	—	—	—	﴿۱۱۰﴾

اور فارسی زبان اور اردو زبان میں اعداد (نمک۔ اور اسم مولا علی) کے ساتھ برابر ہیں واضح اور روشن ہے کہ نمک حلالی وہی ہے، جو علی کی ولایت کے ساتھ ساتھ ہے، اور اگر انکاری ہے تو نمک

Presented by Ziaraat.Com

حرام ہے، نمک حلال وہی ہے کہ جس کے دل میں مولا علیؑ کی محبت اور ولایت ہے،

«نمک اور علیؑ ابجد کے آئینے میں»

«نمک»	ن	م	ک	«حاصل جمع»
«اعداد»	۵۰	۴۰	۲۰	«۱۱۰»
«علیؑ»	ع	ل	ی	«حاصل جمع»
«اعداد»	۷۰	۳۰	۱۰	«۱۱۰»

اور اسی طرح سے اعداد (اول من آمن ۔ علیؑ بن ابی طالبؑ) کے ساتھ برابر ہیں، سب سے پہلے مومن اول مومن اللہ کے پہلے مومن کے اور مولا کے عدد برابر ہیں،

«اول من آمن اور علیؑ ابن ابی طالبؑ ابجد کے آئینے میں»

«اول من آمن»	ا	و	ل	م	ن	آ	م	ن	«حاصل جمع»
«اعداد»	۱	۶	۳۰	۴۰	۵۰	۱	۴۰	۵۰	«۲۱۸»

«علیؑ ابن ابی طالبؑ ابجد کے آئینے میں»

علیؑ ابن ابی طالبؑ	ع	ل	ی	ا	ب	ن	ا	
«اعداد»	۷۰	۳۰	۱۰	۱	۲	۵۰	۱	
علیؑ ابن ابی طالبؑ	ب	ی	ط	ا	ل	ب		«حاصل جمع»
«اعداد»	۲	۱۰	۹	۱	۳۰	۲		«۲۱۸»

اور اعداد (عین ایمان ۔ وجہ علیؑ ابن ابی طالبؑ) کے ساتھ برابر ہیں، سبحان اللہ، مرکز ایمان، حقیقت ایمان، کل ایمان، میرے مولا کی ذات بابرکت ہے، بس یوں سمجھ لیں کہ عین ایمان اور مولا کا چہرہ دونوں ہی برابر ہیں، رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ کل ایمان کل کفر کے مقابلے پہ جارہا ہے، کل

Presented by Ziaraat.Com

ایمان کے اعداد (۲۳۲) اور وجہ علی بن ابی طالبؑ کے اعداد (۲۳۲) برابر ہیں،

«عین ایمان ابجد کے آئینے میں»

«عین ایمان»	ع	ی	ن	ا	ی	م	ا	ن	«حاصل جمع»
«اعداد»	۲۱۷	۱۰	۵۰	۱	۱۰	۴۰	۱	۵۰	«۲۳۲»

«وجہ علی ابن طالبؑ ابجد کے آئینے میں»

وجہ علی ابن ابی طالب	و	ج	ہ	ع	ل	ی	ا	ب	
«اعداد»	۶	۳	۵	۷۰	۳۰	۱۰	۱	۲	
وجہ علی ابن ابی طالب	ن	ا	ب	ی	ط	ا	ل	ب	حاصل جمع
«اعداد»	۵۰	۱	۲	۱۰	۹	۱	۳۰	۲	«۲۳۲»

وجہ علی ابن طالبؑ کے حاصل اعداد بھی (۲۳۲) ہی بنتے ہیں کیا کہنے سبحان اللہ، سبحان اللہ، اور اب یہاں پہ ایک فارسی زبان میں (صاحب ما) یعنی ہمارے آقا کے اعداد (قائمؑ) کے ساتھ برابر ہیں، یہاں پہ ہمزہ ہے قائم میں اور ہمزہ مثل الف کے اس کے عدد بھی ایک ہی ہیں،

«صاحب ما اور قائم ابجد کے آئینے میں»

«صاحب ما»	ص	ا	ح	ب	م	ا		«حاصل جمع»
«اعداد»	۹۰	۱	۸	۲	۴۰	۱		«۱۴۲»
«قائم»	ق	ا	ء	م				«حاصل جمع»
«اعداد»	۱۰۰	۱	۱	۴۰				«۱۴۲»

«حقانیت مذہب شیعہ ابجد کی روشنی میں»

اب یہاں ایک حدیث کا بیان کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد وفرمان ہے، کہ جس

Presented by Ziaraat.Com

یہ سارے فرقے متفق ہیں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ستفترق امتی ثلثا وسبعین فرقة کلھم فی النار الا فرقة

رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری امت تہتر فرقوں میں تقسیم ہوگی ان میں سے ایک فرقہ جنتی ہے ناجی نجات پانے والا ہے، ایک فرقے کے زُبُر (۳۸۵) ہیں، اور شیعہ کے زُبُر بھی (۳۸۵) ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

﴿فرقہ اور شیعہ ابجد کے آئینے میں﴾

﴿فرقہ ابجد کے آئینے میں﴾

﴿فرقہ﴾	ف	ر	ق	ہ	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۸۰	۲۰۰	۱۰۰	۵	﴿۳۸۵﴾

﴿شیعہ ابجد کے آئینے میں﴾

﴿شیعہ﴾	ش	ی	ع	ہ	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۳۰۰	۱۰	۷۰	۵	﴿۳۸۵﴾

سبحان اللہ یہ قانون اللہ تعالیٰ کا ہی بنایا ہوا ہے کہ جس کے تحت بسم اللہ الرحمن الرحیم کے (۷۸۶) اعداد ظاہر ہوتے ہیں، پس انھی اعداد سے شیعت کی نجات بھی ثابت ہوتی ہے جنتی ہونا بھی ثابت ہوتا ہے، اور ایسا کیوں نہ ہو کہ جب کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کہ یا علیؑ انت وشیعتك هم الفائزون یوم القیامة اے علیؑ آپ اور آپ کے شیعہ ہی قیامت کے دن کامیاب ہیں، فائز ہیں،

حدیث بھی کہہ رہی ہے کہ شیعہ جنتی ہیں، اعداد بھی کہہ رہے ہیں کہ شیعہ جنتی ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿چوتھی فصل﴾

﴿وضاحت علم زُبُر وبیّنات﴾

اب اکثر برادران کے ذہن میں سوالات اٹھتے ہیں کہ یہ زبر کیا ہیں اور بینات کیا ہیں میں کچھ یہاں ان کی توضیح دے کہ اس علم امیر المومنین علیہ السلاۃ والسلام سے مستفاد علم کے حصول میں کچھ قدم آگے رکھتے ہیں. جب بھی ہم حساب عددی کا ارادہ رکھتے ہیں تو ہم ان کا تلفظ کرتے ہیں اور ان کو مکتوب لکھتے ہیں مقطعہ کی صورت میں تو یہ سب حروف یا دوحرفی ہیں یا تین حرفی ہوتے ہیں۔

مثلاً دوحرفی،

مثل (ب ا)۔	(ج ا)۔	(ت ا)

یا مثلاً تین حرفی،

(ع ی ن)	(ق ا ف)	(ک ا ف)	(ج ی م)۔

تو ان میں پہلے حرف کو زبر کہا جاتا ہے، اور باقی حروف بینة لفظیہ ہیں۔

دوحرفی حروف میں (ب) زبر ہے اور (ا) بینہ ہے۔

اور تین حرفی حروف میں حرف (ع ی ن) ہے ان کا زبر (ع) ہے بینات (ی ن) ہیں.

اور تین حرفی حروف میں حرف (دال) ہے، اور ان کا زُبُر (د) ہے، اور بیّنات (ا ل) ہیں،

اور تین حرفی حروف میں حرف (سین) ہے، اور ان کا زُبُر (س) ہے، اور بیّنات (ی ن) ہیں،

اس بنا پہ ۲۸ حروف ابجد یہ کا قیاس ہے،

﴿حروف کا تلفظ﴾

﴿حروف﴾	﴿ا﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿الف﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿حروف﴾	﴿ب﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿با﴾
﴿حروف﴾	﴿ت﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿تا﴾
﴿حروف﴾	﴿ث﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ثا﴾
﴿حروف﴾	﴿ج﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿جیم﴾
﴿حروف﴾	﴿ح﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿حا﴾
﴿حروف﴾	﴿خ﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿خا﴾
﴿حروف﴾	﴿د﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿دال﴾
﴿حروف﴾	﴿ذ﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ذال﴾
﴿حروف﴾	﴿ر﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿را﴾
﴿حروف﴾	﴿ز﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿زا﴾
﴿حروف﴾	﴿س﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿سین﴾
﴿حروف﴾	﴿ش﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿شین﴾
﴿حروف﴾	﴿ص﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿صاد﴾
﴿حروف﴾	﴿ض﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ضاد﴾
﴿حروف﴾	﴿ط﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿طا﴾
﴿حروف﴾	﴿ظ﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ظا﴾
﴿حروف﴾	﴿ع﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿عین﴾
﴿حروف﴾	﴿غ﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿غین﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿حروف﴾	﴿ف﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿فا﴾
﴿حروف﴾	﴿ق﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿قاف﴾
﴿حروف﴾	﴿ک﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿کاف﴾
﴿حروف﴾	﴿ل﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿لام﴾
﴿حروف﴾	﴿م﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿میم﴾
﴿حروف﴾	﴿ن﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿نون﴾
﴿حروف﴾	﴿و﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿واو﴾
﴿حروف﴾	﴿ہ﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ھا﴾
﴿حروف﴾	﴿ء﴾	﴿تلفظ حروف﴾	﴿ھمزہ﴾

اب ہم اس علم زُبُر اور بیّنات کا کچھ جائزہ لیتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس علم کے اندر کیا اسرار چھپا دیے ہیں، کہ جن کو فقط دیکھ کر عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے، اور جو اس کے باطن میں اسرار پوشیدہ ہیں

وہ **لا یعلم جنود ربك الا ھو**، وہ فقط اللہ ہی جانتا ہے کہ ان میں کیا اسرار پوشیدہ ہیں، کیا راز ان میں مستتر ہیں، بشر کی اتنی پرواز ہی نہیں کہ ان علوم تک رسائی حاصل کر سکے قرآن کا ایک ظاھر ہے، پھر ایک باطن ہے اس کا زُبُر میں، قرآن کے زُبُر کے اسرار کو کوئی نہیں سمجھ سکا،

پھر قرآن کے بیّنات کے اسرار بنتے ہیں، پھر ہر بیّنات میں سے **دو۔ دو۔ اور۔ تیــن۔ تیــن** ۔شاخیں نکلتی ہیں، مثال کے طور پر ہم بسم اللہ کو لیتے ہیں (**۷۸۶**) تو بسم اللہ کے ابجد اور زُبُر میں اعداد بنتے ہیں،

بسم اللہ کے بینات علیحدہ ہیں، پھر بینات میں سے دو۔ دو۔ اور تین۔ تین۔ شاخیں نکلتی ہیں

Presented by Ziaraat.Com

پھر آگے جا کے زُبُر اور بیّنات میں تقسیم ہو جاتے ہیں، پھر دسویں منزل پے جا کے اتنے اس کے دروازے کھل جاتے ہیں کہ عقل انسانی حیران و پریشان ہو جاتی ہے،

اسی لیے تو ملتا ہے کہ قرآن کا ایک ظاہر اور (۷۰) باطن ہیں، ایک اور روایت میں وارد ہوا (۷۰۰۰۰) باطن ہیں ایک اور روایت میں وارد ہوا کہ باطن کی اتنی کثرت ہے کہ وہ وہی جانتا ہے کہ کتنے باطن ہیں،

مثال کے طور پے لفظ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھتے ہیں، کہ اس کے بیّنات میں اللہ تبارک وتعالی نے کیا اسرار پوشیدہ کر رکھے ہیں،

﴿اسرار اسم مقدس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیّنات کے اعداد میں﴾

حروف مقطعات	م	ح	م	د
حروف کا تلفظ	م ی م	ح ا	م ی م	د ا ل
بیّنات حروف	ی م	ا	ی م	ا ل
اعداد حروف	۱۰ ۴۰	۱	۱۰ ۴۰	۱ ۳۰
﴿حاصل جمع﴾	۱۳۲			

اعداد اسم مبارک محمدؐ بیّنات میں ۱۳۲ بنتے ہیں، سرکارؐ کے بیّنات آپ نے دیکھ لیے اب اسلام کے زُبُر کا مشاھدہ فرمایئے ،اور یہ غور فرمائیں کہ اللہ نے ان میں کیا اسرار پوشیدہ کر رکھے ہیں۔ کیونکہ ان اعداد و حروف میں اللہ کے راز چھپے ہوئے ہیں،

﴿اسلام زُبُر کی روشنی میں﴾

﴿حروف﴾	ا	س	ل	ا	م	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	٦۰	۳۰	۱	۴۰	﴿۱۳۲﴾

Presented by Ziaraat.Com

لفظ محمدؐ کے بیّنات (۱۳۲) اور اسلام کے زبر (۱۳۲) برابر ہیں، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باطن (۱۳۲) اور اسلام کا ظاہر (۱۳۲) ہے،

اب ہم زُبُر اور بیّنات کی روشنی میں اسم وصی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی دیکھتے ہیں کہ ان میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے کیا اسرار اور راز چھپائے ہوئے ہیں اب ہم یہاں کائنات کے عظیم اسم مقدس امیر المومنین علیہ الصلاۃ والسلام کے بیّنات کا مشاہدہ کرتے ہیں مثال کے طور پر لفظ و اسم مبارک امیر المومنین علی علیہ الصلاۃ والسلام کے بیّنات دیکھتے ہیں،

﴿اسم مقدس امیر المومنین علیؑ ابجد کی آئینے میں﴾

حروف مقطعات	ع	ل	ی
حروف کا تلفظ	ع ی ن	ل ا م	ی ا
حروف کے بیّنات	ی ن	ا م	ا
اعداد حروف	۱۰ ۵۰	۱ ۴۰	۱
﴿حاصل جمع﴾	۱۰۲		

اسم مقدس امیر المومنین علیہ الصلاۃ والسلام کے بیّنات آپ نے دیکھ لیے، اب ایمان کے زُبُر کا مشاہدہ فرمایئے ، اور یہ غور فرمائیں کہ اللہ نے ان میں کیا اسرار پوشیدہ کر رکھے ہیں۔ کیونکہ ان اعداد و حروف میں اللہ کے راز چھپے ہوئے ہیں، اب ہم ایمان کے اعداد کو دیکھتے ہیں،

﴿ایمان ابجد کی روشنی میں﴾

﴿حروف﴾	ا	ی	م	ا	ن	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۱۰	۴۰	۱	۵۰	﴿۱۰۲﴾

امیر المومنینؑ کے بیّنات (۱۰۲) اور ایمان کے زبر (۱۰۲) ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

اب یہ بات واضح اور روشن ہوگئی کہ سرکار محمدؐ کے اسم بینات سے اسلام حاصل ہوتا ہے اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام کے بینات سے ایمان کا استفادہ ہوتا ہے اللہ اکبر لفظ علی کے بینات (۱۰۲) اور ایمان کے زبر (۱۰۲) برابر ہیں، امیر المومنین علی علیہ الصلاۃ والسلام کا باطن (۱۰۲) ہے اور ایمان کا ظاہر (۱۰۲) ہے، انھی بیانات کو ایک فارسی زبان کے شاعر نے بہت ہی خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا ہے، کہ جو قابل صد تحسین ہے، سرکار رسالتمآبؐ کے لیے ارشاد فرمایا

رمزی است کتاب حق تمامی بنظام، اسرار الھی است بھر بطن کلام،

از اسم محمدؐ که بود مصدر کل، در باب ز بینات نامش اسلام است،

کہتے ہیں، اللہ کی کتاب ساری رمز و رموز کے ساتھ ہے اور ہر کے کلام کے باطن میں اللہ تعالی کے راز چھپے ہوئے ہیں، اسم محمدؐ کی جو کائنات میں مصدر کل ہے، ان کے بیّنات میں اسلام پوشیدہ ہے انھی شاعر نیسر کار امیر المومنینؑ کے لیے کیا خوب ارشاد فرمایا،

توصیف علیؑ نگنجد اندر اذھان، بیرون بود از فھم معانی و بیان،

ایمان بولایتش معلق باشد، در باب ز بینات نامش ایمان،

(بیان ذلك) آنکه ملفوظی علیؑ، (عین) (لام) (یا) می باشد چون،

پھر امیر المومنین علی علیہ الصلاۃ والسلام کے اسم مقدس کے بارے میں توضیح دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں، علی کے اوصاف ذہنوں میں نہیں سما سکتے، ان کے معانی کا سمجھنا بیان سے بالاتر ہے، اس لیے کہ ولایت سے ایمان متصل ہے، اس لیے کہ آپ کے بیّنات میں ایمان کا ظہور ہے، اس کا بیان یہ ہے کہ (عین) (لام) (یا) کے اگر بیّنات کو دیکھا جائے، تو نام مولا علی موجود ہے،

اگر اسم مبارک امیر المومنینؑ کے ملفوظی حروف کے اوائل کو حذف کر دیا جائے، جیسا کہ بیان ہوا کہ جو باقی بچتے ہیں، وہ کچھ اس قرار سے ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

(بن)(ام)(ا) اور ان کے اعداد مجموعی (۱۰۲) بنتے ہیں، اور جیسا کہ بیان ہوا کہ ایمان کے اعداد بھی (۱۰۲) ہی بنتے ہیں، اور آیۃ اللہ صاحب روضات الجنات نے اس رباعی کو جلال دوائی سے کچھ اس طرح سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں،

خورشید کمال است نبی ماہ ولی، اسلام محمدؐ است ایمان علیؑ،
گر بینی در این سخن مطلبی، بنگر کہ زبینات اسما است جلی،

جلال دوائی سے کچھ اس طرح سے ارشاد فرماتے ہیں، کمال کا آفتاب رسولؐ ہیں، اور چاند ولی ہیں اسلام محمدؐ ہیں اور ایمان علیؑ ہیں،

اگر اس بات کی دلیل چاہتے ہیں، تو ان کہ اسماء کے بیّنات میں یہ بات واضح اور روشن ہے، اسی طرح سے مکہ اور مامنا کے اعداد دونوں برابر ہیں، جیسا کہ شاعر آزاد ارشاد فرماتے ہیں،

لما لم الوذ بسوح مکه اننی، بالبینات وجدت مکه مامنا،

اسی طرح سے (مکہ)(مامنا) یعنی امن کی جگہ کے ساتھ برابر ہے یعنی مکۃ المکرمہ کے بینات اور مامنا کے زُبُر دونوں برابر ہیں،

﴿مکہ المکرمہ بیّنات کے آئینے میں اور مامنا زُبُر کے آئینے میں﴾

﴿مکہ﴾	ی	م	ا	ف	ا	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد بیّنات﴾	۱۰	۴۰	۱	۸۰	۱	﴿۱۳۲﴾
﴿مامنا﴾	م	ا	م	ن	ا	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۴۰	۱	۴۰	۵۰	۱	﴿۱۳۲﴾

اسی طرح سے مدینہ ابجد کے آئینے میں، بلد حکمہ ابجد کے آئینے میں

﴿مدینہ﴾	م	د	ی	ن	ہ			﴿حاصل جمع﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿اعداد﴾	۴۰	۴	۱۰	۵۰	۵			﴿۱۰۹﴾
﴿بلد حکمہ﴾	ب	ل	د	ح	ک	م	ہ	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۲	۳۰	۴	۸	۲۰	۴۰	۵	﴿۱۰۹﴾

اسی طرح سے کیا کہنے کہ (حب علی بن ابی طالبؑ) کے اعداد (دین الاسلام) کے ساتھ برابر ہیں، اس لیے کہ آپ کی محبت ہی دین اسلام کی مصداق حقیقی ہے۔

﴿حب علیؑ بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں﴾

حب علیؑ بن ابی طالبؑ	ح	ب	ع	ل	ی	ب	ن	
﴿اعداد﴾	۸	۲	۷۰	۳۰	۱۰	۲	۵۰	
حب علیؑ بن ابی طالبؑ	ا	ب	ی	ط	ا	ل	ب	حاصل جمع
﴿اعداد﴾	۱	۲	۱۰	۹	۱	۳۰	۲	﴿۲۲۷﴾

﴿دین الاسلام ابجد کی روشنی میں﴾

﴿دین الاسلام﴾	د	ی	ن	ا	ل	
﴿اعداد﴾	۴	۱۰	۵۰	۱	۳۰	
﴿دین الاسلام﴾	ا	س	ل	ا	م	﴿حاصل جمع﴾
﴿اعداد﴾	۱	۶۰	۳۰	۱	۴۰	﴿۲۲۷﴾

حب علی بن ابی طالبؑ کے اعداد (۲۲۷) بنتے ہیں، اور اسی طرح سے دین الاسلام کے اعداد بھی (۲۲۷) ہی بنتے ہیں، جیسا کہ مافوق جدول میں ظاہر ہے۔

اسی دلچسپ موضوع پہ علامہ فہامہ شیخ بھائی نور اللہ مرقدہ نے اپنی کتاب جامع عباسی میں اس

Presented by Ziaraat.Com

علم کے رموز کو کچھ اس طرح سے انکشاف کیا ہے،

آپ نے ایک بادشاہ شاہ عباس صفوی کہ جو ایک نیک سیرت عاشق ولایت امیر المومنین عالم بفضائل اہلبیت علیہم الصلاۃ والسلام اور سب سے زیادہ شیعہ مذہب کے مروج تبلیغ کرنے والے تھے، آپ کے نام کے کچھ اس طرح سے اعداد نکالے ہیں کہ جو قابل دید ہیں آپ ارشاد فرماتے ہیں، کہ (شاہ عباسؒ) کے اعداد (۴۳۹) اور (خلد اللہ ملکہ) کے بینات (۴۳۹) دونوں برابر ہیں

اسی طرح سے کتاب معینی الاعیان میں بھی شاہ عباس کے نام کو کچھ اس طرح سے بیان کیا ہے، آپ اپنی اس کتاب میں ارشاد فرماتے ہیں، زُبُر (شاہ عباسؒ) کہ اعداد (۴۳۹) اور زُبُر (نایب امام محمدؑ بن الحسنؑ) پھر آگے جا کر ارشاد فرماتے ہیں، (شاہ عباسؒ) کے اعداد بینات (۴۰۲) ہیں، اور یہ ابجد (نایب امام ہمام محمد مہدی صادق) کہ برابر ہیں،

واللہ اعلم بحقائق الامور

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿چوتھا باب﴾

﴿فصل اول﴾

﴿حروف تہجی کا بیان﴾

اور ولایت امیر المومنینؑ کے جلوے

سب سے پہلے حروف تہجی کی اقسام کا بیان کرنا ضروری ہے، اس کے بعد ان حروف کے زُبُر اور بیّنات میں مفصل بحث ہوگی، اور وہیں سے ہم کائنات کے امیر کے زُبُر اور بیّنات سے استدلالات پیش کرینگے، حروف کی چند اقسام ہیں، کہ جو قابل ذکر ہیں،

حروف کی پہلی قسم کو حروف رقمیہ کہتے ہیں،

(۱) **الحروف الرقميه** .اور ان کو حروف نقشیہ بھی کہا جاتا ہے اور **لا شك ولا ريب** ان کی ابتدا الف سے ہے. اس کی اصل یہ ہے کہ بغیر حرکت کے وجود میں آتا ہے اسکی کوئی حرکت نہیں ہے

حروف کی دوسری قسم کو حروف لفظیہ کہتے ہیں،

(۲) **الحروف اللفظيه** ؛ یہ وہ حروف ہیں کہ جو ہوا فضا حلق جوف مبداء فم الی الحلق شفتین وغیرہ سے حاصل ہوتے ہیں حروف کی تیسری قسم کو حروف عددیہ کہتے ہیں،

(۳) الحروف العدديه ؛ **وهی تطلق علی الاعداد التی هو بمنزلة الارواح ومنها تستخرج الروحانيات الملائكة العلويات والخدام السفليات .**

حروف کی چوتھی قسم کو حروف فکریہ کہتے ہیں،

(۴) الحروف الفكريه ؛ یہ وہ حروف ہیں کہ **(متنزلة من عالم الغيب الی**

Presented by Ziaraat.Com

المعانی العقلیه ونسمی بالحروف العقلیه والجبرتیه .

حروف کی تعداد اور حروف کی توضیحات

(۵) تعداد حروف، کل حروف کی تعداد جو لوح محفوظ سے نازل ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ جن کا خالق ہے، وہ

۲۸ حروف ہیں، جن میں سے چودہ حروف۔ نورانی ہیں، اور چودہ حروف ظلمانی ہیں،

یوں سمجھ لیں کہ ۱۴ حروف کا ظاہر ہیں، اور ۱۴ حروف کا باطن ہیں، اور ان میں سے ۵ حروف جو بین بین

ہیں تمام لغات میں، جن کے اتصال سے لغات دنیا معرض وجود میں آتی ہیں، جن میں سے

، پ، چ، ٹ، ژ، وغیر ذلک

جو حروف نورانی ہیں وہ چودہ حروف ہیں، کہ جو مظاہر ہیں۔

ید الله وجه الله الجواد الوهاب هیاکل توحید

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالی﴾

﴿دوسری فصل﴾

﴿نزول حروف بصورت ابجد﴾

حروف سب کے سب ملکوت علیین سے نازل ہوئے ہیں اسی طرح سے کہ جو حروف ۲۸ الف با کی توضیحات دی گئی ہیں وہ کچھ اس طرح ہیں۔

○......وتلك الحروف تفريق كل اسم حق ام باطل او فعل اور مفعول .

○......الحرف الاول الالف ؛ وهى اسم للعقل ؛ پہلا حرف الف ہے اور یہ عقل کا نام ہے،

○......الثانی الباء ؛ وهی اسم للنفس . دوسرا حرف با ہے اور یہ نفس کا نام ہے،

○......الثالث الجیم ؛ وهی حرف للطبیعة تیسرا حرف جیم ہے اور یہ طبیعت وجودی کا نام ہے،

○......الرابع الدال؛وهی حرف للمادة الكليه چوتھا حرف دال ہے اور یہ طبیعت کلیہ کا نام ہے

○......الخامس الهاء ؛ هی حرف المثال وشكل الكل پانچواں حرف ھا ہے اور یہ حرف مثال اور کل کی شکل ہے، کہ جو لوٹ کے کل الکل واجب الوجود ھویت کی طرف لوٹ کے جاتا ہے،

○......السادس الواو ؛ وهی حرف جسم الكل. چھٹا حرف واو ہے اور یہ حرف جسم کلی کی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے،

○......السابع۔ الزاء؛ وهی حرف العرش ساتواں حرف زا ہے اور یہ حرف عرشی ہے،

○......الثامن الحاء ؛ وهی حرف الكرسی آٹھواں حرف حاء ہے اور یہ حرف آیۃ الکرسی سے متعلق ہے

○......التاسع التاء. وهی فلك البروج . نواں حرف تا ہے اور یہ فلک البروج کا نام ہے،

○......العاشر الیاء؛وهی حرف فلك المنازل دسواں حرف یا ہے اور یہ فلک المنازل کا نام ہے

Presented by Ziaraat.Com

O.....والحادی عشر الكاف ؛ وهی حرف فلك زحل گیارہواں حرف کاف ہے اور یہ فلک زحل کا نام ہے،

O.....والثانی عشر اللام ؛ وهی حرف فلك المشتری . بارہواں حرف لام ہے اور یہ فلک المشتری کا نام ہے،

O.....والثالث عشر الميم ؛ وهی فلك المریخ . تیرہواں حرف میم ہے اور یہ فلک المریخ کا نام ہے،

O.....والرابع عشر النون ؛ وهی حرف فلك الشمس. چودہواں حرف نون ہے اور یہ فلک الشمس کا نام ہے،

O.....والخامس عشر السين ؛ وهی حرف فلك الزهرة. پندرہواں حرف سین ہے اور یہ فلک الزھرۃ کا نام ہے،

O.....والسادس عشر العين . وهی حرف فلك عطارد . سولھواں حرف عین ہے اور یہ فلک عطارد کا نام ہے،

O.....والسابع عشر الفاء ؛ وهی حرف فلك القمر . سترہواں حرف فا ہے، اور یہ فلک القمر کا نام ہے،

O.....والثامن عشر الصاد ؛ وهی حرف كرة النار . اٹھاروں حرف صاد ہے اور یہ حرف کرۃ النار ہے،

O.....والتاسع عشر القاف ؛ وهی حرف كرة الهواء انیسواں حرف قاف ہے اور یہ حرف کرۃ الھواء ہے،

O.....والعشرون الراء ؛ وهی حرف كرة الماء بیسواں حرف را ہے اور یہ حرف کرۃ الماء ہے

Presented by Ziaraat.Com

○.....والحادی والعشرون الشین . وھی حرف کرة السراب. اکیسواں حرف شین ہے اور یہ حرف کرۃ السراب ہے،

○.....والثانی والعشرون التاء ؛ وھی حرف الجماد والمعدن . بائیسواں حرف تاء ہے اور یہ جماد اور معدن کا حرف ہے،

○.....والثالث والعشرون الثاء ؛ وھی حرف النباتات . تیئسواں حرف ثاء ہے اور یہ نباتات کا نام ہے،

○.....والرابع والعشرون الخاء ؛ وھی حرف الحیوان . چوبیسواں حرف خاء ہے، اور یہ حرف حیوان ہے،

○.....والخامس والعشرون الذال ؛ وھی حرف الملائکة . پچیسواں حرف ذال ہے اور یہ حرف ملائکہ ہے،

○.....والسادس والعشرون الضاد ؛ وھی حرف الجن . چھبیسواں حرف ضاد ہے اور یہ جنات کا حرف ہے،

○.....والسابع والعشرون الظا ؛ وھی حرف الانسان. ستائیسواں حرف ظاء ہے اور یہ انسان کا حرف ہے،

○.....والثامن والعشرون الغین ؛ وھی حرف الجامع الکلی لعلیه السلام . اٹھائیسواں حرف غین ہے اور یہ حرف جامع الکلی ہے، تمام حروف اس میں اسرار کے ساتھ موجود ہیں،

ان شاء الحروف فھذه الحروف ھی الاصل لکل شیء والدلیل علی کل شیء لان الاشیاء تعرف بعددھا ومبادیھا واسبابھا وھذه الا حرف وبھا تفریق کل اسم حق او باطل لان الادراک

Presented by Ziaraat.Com

والعقل والتمییز بها یحصل فیحصل الفرق.

○.....انما امره اذا اراد شیاءً ان یقول له کن فیکون. اور یہ سب کے سب حروف نقطے سے محقق ہوتے ہیں. الف اور حروف تالیف اشارہ ہے. حروف کلمات ایجادیہ کی طرف اور یہ مرتبہ ثالثہ ہے. اور مشیت اشارہ ہے، نقطے کی طرف اور ارادہ کا اطلاق ہے الف کی طرف اور حقیقت بھی یہی ہے کہ نقطہ اور الف پوشیدہ غائب ہیں جب تک حروف کے ساتھ نا ل جائیں اور حروف پھر مرتبہ ثالثہ کی طرف اشارہ ہیں.

الف اشاره الی الاف هزارها لاتعد ولا تحصی مصداقات کی طرف۔ الی آخرہ .السلام علی شهور الحول وعدد الساعات وحروف لا اله الا الله فی الرقوم المسطرات اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں ارشاد ہے.

سبحانه وتعالی اجل و اعظم من ان یحل فی شیء اویحل فیه شیء او یتصل بشیء اویتصل به شیء او یتصل عن شیء او فترب شیء او یتحد بشیء او نتصل عن شیء اویکون مثله شی فکل ما میزتموه باوهامکم فهو مخلوق مثلکم مردود الیکم واقل فی الاشیاء کدخول شی فی شی، وخارج عنها لا کخروج شی عن شی وهو بکل شیء محیط.

عن موسی بن جعفر علیهما السلام: قال ان الاسم الاعظم اربعة احرف الحرف الاول لا اله الا الله والحرف الثانی محمد رسول الله صلی الله علیه وآله والحرف الثالث .نحن ،والحرف الرابع شیعتنا.

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿تیسری فصل﴾

﴿حروف کی تاثیری اقسام﴾

O.....ناریه ـ هوائیه ـ مائیة ـ ترابیه ـ

ہر حرف کا مادہ اصلیہ الف ہے اور الف مادۃ الحروف ہے مصدر صرف مقصد حروف طجاء حروف مادی حروف. پھر حروف لاتعداد اقسام پر ہیں.

(۱) حروف کتبی ۔ جن میں الف، با، تا، ثا، جا، حا، خا، دال، یہ جو ہم روزمرہ استعمال کرتے ہیں، پڑھتے ہیں بالترتیب ہیں.

(۲) حروف ابجدی ہیں ۔ ا،ب،ج،د،ہ،و،ز،

(۳) لیکن کلام خداوندی اسرار خداوندی میں تیسری حیثیت حروف کی الف کے بعد لام آتا ہے، الف حقیقت وحدہ لا شریك لام حقیقت ولا یت علویه ہے. اب لف جو ہے وہ حامل اسرار پروردگار ہے.

حامل بھی ہے حافظ بھی ہے. حافظ بھی ہے سر بھی سر بھی ہے مستتر بھی الف اس وقت تک ظاہر ہو ہی نہیں سکتا کہ جب تک، لام نہ آجائے کیوں کہ لام ظہور ولایت کبری ہے پس الف بـالـذات غائب غیبت کے پردے میں الف کا ظہور ل میں لام پھر غائب لام کا ظہور پھر م میں.

یوں سمجھ لیں کہ الف غائب با الف کا ظاہر اور پھر غائب ب کا ظاہر اور ج کا غائب ح کا ظاہر اور ج کا باطن خ کا ظاہر اور د کا باطن الی آخرہ اسی پہ آخر تک حروف کو ترتیب دیا جا سکتا ہے، ہر پہلا حرف خود غائب ہے اور اپنے سے پہلے والے کا ظاہر ہے، اور یہ سب مل کر ب کے غائب ہیں، اور ب نقطے میں اور نقطہ الف میں، پس یہ سب کچھ ظاہر ہوا، لسان فطرت میں کہ جو لسان عربی ہے. اور یہ فطرت

Presented by Ziaraat.Com

انسانیہ کے ساتھ ہے۔ اور اسی لیے اللہ کی کتاب عربی میں، قرآن عربی میں، نماز عربی میں، دعائیں عربی میں، اور تمام زیارات عربی میں اہل جنت کی زبان عربی۔

اسی لیے امام صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ؛ **ان هيعتنا العرب واعدائنا العجم**، ہمارے شیعہ عربی ہیں اور ہمارے دشمن عجمی ہیں،

مجمع میں یہ حدیث وارد ہوئی ہے۔ **ان من ولد فی الاسلام فهو عربی**

اوراسی سے ملتی ہوئی حدیث آپ نے بیان فرمائی۔ **الناس ثلثة :عربی ومولی و علج فاما العرب فنحن ،واما الموالی فمن والانا ،واما العلج فمن تبرء منا ونا صبنا.**

اور ایک اور حدیث میں وارد ہوا ہے۔ **نحن قریش وشیعتنا العرب وعدونا العجم. ان امیر المومنین اخرج رجلا من قبره بعد موته حيا وكان يتكلم بالفارسيه فسئله عليه السلام عن ذالك مع كونه قد مات عربيه قال لما مت غير موالاتك انقلب لسانی الی ما ترى**

وقد ورد عنه عليه السلام على ما في عيون، ان اهل الجنة يتكلمون باللغة العربيه واهل النار يتكلمون باللغه المجوسيه وبالجملة فاعرب هو الصفوة المختار في كل عالم وهو المومن الحقيقى الطيب الطاهر المحدود بالصورة الانسانيه والعجم عند ذالك

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿چوتھی فصل﴾

﴿پہلا ظہور﴾

﴿توضیح حروف از لسان اللہ﴾

○...... شیخ صدوقؒ نے اپنی مقدس کتاب توحید میں حروف کو امیر المومنین علیہ السلام سے کچھ اس انداز میں بیان کیا ہے کہ جو بے مثل و بے نظیر ہیں، اور ایک گرانبھا سرمایہ ہے،

○عن الصدوق فی التوحید و العیون عن امیر المومنین علی علیہ السلام و الصلاۃ

﴿ا﴾قال الالف الاء اللہ ،

﴿ب﴾الباء بھجۃ اللہ ـ،

﴿ت﴾ والتاء تما م الامر،

﴿ث﴾ثناء اللہ واجب علی کل حال،

﴿ج﴾فالجیم جمال اللہ ،

﴿ح﴾والحاء حلم اللہ عن المومنین ،

﴿خ﴾والخاء خمول ذکر ھل المعاصی وجلالہ

﴿د﴾فاالدال دین اللہ الذی ارتضی لعبادہ ،

﴿ذ﴾ والذال من ذی الجلال .

﴿ر﴾فالراء من الحروف الرحیم ،

﴿ز﴾ والزاء زلازل یوم القیامۃ

﴿س﴾فاالسین سناء اللہ،

Presented by Ziaraat.Com

﴿ ش﴾ والشین شاء الله ماشاء الله واراد ما اراد وما تشاوء ن الا ان یشاء الله .

﴿ص﴾ فالصاد من صادق الوعد فی حمل الناس علی الصراط و حبس الظالمین عن المرصاد

﴿ ض﴾ والضاد ضل من خالف محمد وآل محمدؐ

﴿ط﴾ ـطوبی للمومنین وحسن مآب ،

﴿ ظ﴾ الظاء ظن المومنین با الله خیرا وظن الکافرین به شرا ،

﴿ع﴾ ـفالعین من العالم ،

﴿ غ﴾ والغین من الغنی الذی لا یجود ا علیه الحاجة علی الاطلاق .

﴿ن﴾ فالفاء فالق الحب والنوی وفوج من افواج النار ،

﴿ف﴾ فخالق الحب والنوی .

﴿ ق﴾ والقاف القرآن علی الله جمعه وقرانه .

﴿ک﴾ فالکاف من الکافی ،

﴿ ل﴾ والام لعن الله علی الکافرین فی افترائهم علی الله الکذب .

﴿م﴾ المیم ملک الله یوم لا مالک غیره لمن الملک لله الواحد القهار،

﴿ن﴾ والنون نوال الله للمومنین ونکاله للکافرین .

﴿و﴾ والواو ویل لمن عصی الله من عذاب یوم عظیم،

﴿ه﴾ والها هان اللّٰه علی من عصاه .

﴿ال﴾ واللام الف لا اله الا اللہ وهی کلمة الاخلاص ما من عبد قالها مخلصا الا وجبت له الجَنة .،

Presented by Ziaraat.Com

﴿ ی ﴾ والياء يد الله فوق خلقه باسط بالرزق .

○قال عليه السلام ان الله تعالى ننزل هذا القرآن بهذه ألا حرف التى يتداولها جميع العرب ثم قال لئن اجتمعت الانس والجن على ان ياتو بمثل هذا القرآن لا ياتون ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا .

Presented by Ziaraat.Com

﴿دوسرا ظہور﴾

○...... شیخ صدوقؒ نے اپنی مقدس کتاب توحید میں حروف کو امیر المومنینؑ کے لسان اللہ کلام سے کچھ اس انداز میں بیان کیا ہے، کہ ان حروف میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کا جلوہ بھرپور انداز میں موجود ہے اور یہ دوسرا جلوہ ہے،

فی التوحید عن علی علیه الصلاة والسلام

○قال علیه السلام مامن حرف الا هو اسم من اسماء الله تعالی .

○اما الالف فا الله لا اله الا هو الحی القیوم

○واما الباء فباق بعد فنا ء خلقه

○واما التاء فتواب یقبل التوبه عن عباده

○ واما الثاء ـ فالثابت الکائن یثبت الله الذین آمنو بالقول الثابت فی الحیاة الدنیا .

○واما الجیم ـ فجل ثنا ء و تقدست اسماء ه .

○واما الحاء ـ وحق حی علیم

○واما الخاء ـ فخیر بما یعمل العباد

○واما الدال ؛ فدیان الدین .

○واما الذال ؛ فذو الجلال والاکرام .

○واما الراء ؛ فرئووف بعباده .

○واما الزاء ؛ فزین العابدین .

○واما السین ؛ فالسمیع البصیر .

○واما الشین ؛ فالشاکرین لعباده المومنین .

Presented by Ziaraat.Com

○ واما الصاد ؛ فصادق فی وعده و وعيده .

○ واما الضاد ؛ فالضار والنافع .

○ واما الطاء ؛ فالطاهر المطهر .

○ واما الظاء ؛ فالظاهر المظهر لآياته

○ واما العين ؛ فعالم بعباده

○ واما الغين ؛ فغياث المستغيثين من جميع خلقه

○ واما الفاء ؛ فخالق الحب والنوى .

○ واما القاف ؛ فقادر على جميع خلقه .

○ واما الكاف ؛ فا لكا فی الذی لم يكن له كفوا احد ولم يولد

○ واما لام ؛ فلطيف بعباده

○ واما الميم ؛ فمالك الملك .

○ واما النون ؛ فنور السموات والارض من نور عرشه .

○ واما الواو ؛ فواحد الصمد لم يلد ولم يولد

○ واما الهاء ؛ فهاء لخلقه .

○ واما الام الف ؛ فلا اله الا الله وحده لا شريك له ؛

○ واما الياء ؛ فيد الله باسطة على خلقه الحديث

Presented by Ziaraat.Com

﴿دعائے حروفی﴾

﴿معصومؑ سے مروی حروف تہجی میں نماز کی تعقیب کی دعا﴾

○......ومنها ما روى عنهم عليهم الصلاة والسلام فى التعقيب الصلاة ؛

اللهم بالف الا بتداء بباء البهاء بتاء التاليف ـ بثاء الثناء ؛ بجيم الجلال بحا الحمد بخاء الخفاء ، بدال الدوام ، بذال الذكر ، براء الربوبية، بزاء الزيادة ، بسين السلامة ،بشين الشكر ، بصاد الصبر ، بضاد الضوء ، بطاء الطهر ، بظاء الظلام ، بعين العلم ، بغين الغفران ، بفاء الفردانية ، بقاف القدرة ، بكاف الكلمة العامة ، بلام اللوح ،بميم الملك ، بنون النور ،بواو الواحدانيته ، بهاء الهيبته بلام الف

لا اله الا انت بيا يا ذوالجلال والاكرام .،

Presented by Ziaraat.Com

﴿باسمہ تعالیٰ﴾

﴿پانچویں فصل﴾

﴿حرف الف کا بیان﴾

○......الف کے لیے کہا گیا ہے کہ الف اس حقیقت کو کہا جاتا ہے، کہ اس کی حقیقت کو درک نہیں کیا جا سکتا، ہر حرف کا تعلق اسی الف کی طرف ہے، ہر حرف کی بازگشت اسی کی طرف ہے۔
ہر حرف اسی سے فیض حاصل کرتا ہے، **الف بالذات الف** ہے اصل الحروف ہے باقی اس کی عطا سے ہیں، اسی لیے تو کہا گیا ہے،

غیب لا یدرک ، ومحیط لا یملک ، ومن حیث اللطائف جوهر بسیط ،

ومن حیث الاشارة وحده مطلقه ، ومن حیث البارة انوار مشرقه،

وهو حرف نورانی وسر ربانی روحانی جمالی صامت مفرد وهو اسم اللقائم الاعلی الذی منه اسم الله .

واعلم ان الالف سر الاسرار ونور الانوار ، ومفتاح الغیوب ومصباح القلوب

فالباء بها الالف

والتاء تاج الالف .

والثا ثناء الالف ،

والجیم جمال الالف ،

والحاء حیاء الالف ،

والخاء خلق الالف ،

والدال دوام الالف ،

Presented by Ziaraat.Com

والذال ذات الالف ،

والراء روح الالف ،

والزاء زين الالف ،

والسين سناء الالف ،

والشين شرف الالف ،

فالصاد صفاء الالف ،

والضاد ضياء الالف ،

والطاء طيف الالف ،

والظاء ظاهر الالف ،

والعين عالم الالف ،

والغين غاية الالف ،

والفاء فهم الالف ،

القاف قلب الالف ،

والكاف كمال الالف ،

والام لطف الالف ،

والميم ملك الالف ،

والنون نور الالف ،

والهاء هداية الالف ،

والواو ولاية الالف،

Presented by Ziaraat.Com

والیاء یقین الالف.

الف وہ حرف ہے حروف تہجی میں:

وھو اول مخلوق فی الحروف وقد جعل اللہ فیہ سر مراتب الحروف ،ومقام الالف ،

مقام الجمع ومخرجہ من الصدر،

وھو اول الاسم الاعظم ولہ من الملائکۃ جبرائیل ،

ومن الایام یوم الاحد ،

ومن الساعات ساعۃ الشمس ،

علویات میں اس کا مؤکل اسرافیلؑ ہے۔

ابراج میں برج اسد اس کا ہمرزم ہے.

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿چھٹی فصل﴾

﴿بینات الف واسم امیر المومنین علیہ السلام﴾

سب سے پہلا حرف الف ہے،

الف کے بینات میں (لا الہ الا ھو) چھپا ہوا ہے، اور اسم مبارک امیر المومنین علیؑ چھپا ہوا ہے، جیسا کہ واضح اور روشن ہے، ملاحظہ ہو، الف تین حروف سے بنا ہے، ا، ل، ف

﴿الف بینات کی روشنی میں﴾

﴿الف﴾	ل	ف	حاصل جمع
﴿اعداد بینات﴾	۳۰	۸۰	﴿۱۱۰﴾

﴿لا الہ الا ھو ابجد کی روشنی میں﴾

لا الہ الا ھو	ل	ا	ا	ل	ہ	
﴿اعداد﴾	۳۰	۱	۱	۳۰	۵	
لا الہ الا ھو	ا	ل	ا	ہ	و	حاصل جمع
﴿اعداد﴾	۱	۳۰	۱	۵	۶	﴿۱۱۰﴾

﴿اسم علی ابجد کی روشنی میں﴾

علی	ع	ل	ی	حاصل جمع
﴿اعداد﴾	۷۰	۳۰	۱۰	﴿۱۱۰﴾

الف کے بینات ﴿ل، ف، کے اعداد ۱۱۰﴾،

Presented by Ziaraat.Com

﴿لا الہ الا ھو، کے اعداد ۱۱۰﴾،

﴿علیؑ، کے اعداد ۱۱۰﴾،

اسی طرح سے با، تا، ثا، اور یہ وہ قاعدہ ہے کہ جس کی وجہ سے غزالی اور محی الدین ابن عربی نے بھی الف کو قلب الحروف کہا ہے،

تو سوال یہ ہے کہ جہاں الف کے بینہ میں لا الــہ الا ھو چھپا ہوا ہے وہیں پہ علیؑ بھی تو چھپا ہوا ہے، اور یہی الف ہے کہ جو اپنے بینات میں اسرار کا خزانہ لیے ہوئے ہے،

اور یہ الف ہی ہے کہ جس کے بینات مولا علیؑ کے زُبُر کے برابر ہے،

اور اب یہاں ایک اور اعجاز عددی دیکھتے ہیں، اور وہ ھمزہ ہے کہ جو الف کا بھی مصدر ہے کہ اس کے عدد بھی (۱۱۰) ہی بنتے ہیں، ہمزہ بھی قرائت میں الف ہی پڑھا جا سکتا ہے،

﴿ہمزہ قرائت بینات کی روشنی میں﴾

﴿ھمزہ﴾	ل	ف	حاصل جمع
﴿اعداد﴾	۳۰	۸۰	﴿۱۱۰﴾

﴿اسم علیؑ ابجد کی روشنی میں﴾

علیؑ	ع	ل	ی	حاصل جمع
﴿اعداد﴾	۷۰	۳۰	۱۰	﴿۱۱۰﴾

اسی لیے تو یہ کہا جاتا ہے، الف کے بینہ سے نام مولا علیؑ کو طلب کریں، اس میں نام حیدر کرار موجود ہے پس یہاں اس مقدمہ سے یہ معلوم ہوا کہ ظاھر الف مولا علیؑ اور باطن الف بھی مولا علــیؑ ہی ہیں، اور الف یہ وہ حرف ہے کہ جو حروف کا مقوم اور مصدر ہے، حروف کو بنانے ہے ہر حرف اسے سے ہی وابستہ ہے، اور حروف ہی آیات کو بنانے والے ہیں، روایات کو معرض وجود میں لانے

Presented by Ziaraat.Com

والے ہیں، اسی لیے تو کہا جاتا ہے،

(الف الحروف هو الحروف جميعها)

پس ہر حرف الف سے ہی صادر ہوا ہے،

الف تاج الحروف ہے،	الف مرکز حروف ہے،
الف کمال حروف ہے،	الف جمال حروف ہے،
الف معراج حروف ہے،	الف حقیقت حروف ہے،
الف واجب حروف ہے،	الف مُبَیّن حروف ہے،

اور یہ الف ہی ہے کہ جو اللہ تعالی کی حقانیت پہ دلالت کرتا ہے، اس لیے کہ یہ الف ہی ہے کہ جو تمام حروف پہ محیط ہے اس نے ہر حرف کا احاطہ کیا ہوا ہے، اور اسی سے متعلق کہا جا سکتا ہے، **ففي كل حرف له آية تدل على انه واحد** ہر حرف میں اس ذات کبریا کے لیے ایک نشانی ہے کہ جو دلالت کرتی ہے اس بات پہ کہ وہ اللہ واحد ہے،

اسی الف کے متعلق ہی ملتا ہے کہ **من عرف ظاهر الالف وباطنه وصل الى درجة الصديقين ومرتبة المقربين** کہ جو بھی **الف** کے ظاہر اور **الف** کے باطن کی معرفت حاصل کر لے، وہ صدیقین اور مقربین کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے، اور اسی الف کے متعلق کتاب بیان الآیات میں آقای شیخ یوسف نجفیؒ ارشاد فرماتے ہیں، کہ حدیث شریف میں **سر الله في العالمين امير المومنين علی علیه السلام** سے وارد ہوا ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں،

الالف واحدة لا يعلمها الا الراسخون الف ایک ہے اور اس کو نہیں جانتے مگر وہ کہ جو علم میں راسخ ہیں، اور اسی کا جزء ثانی یہ ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں،

العلم نقطة كثرها الجاهلون علم نقطہ ہی ہے اور اس کو جاہلین نے زیادہ کیا، (اس میں

Presented by Ziaraat.Com

مداخلت کی ہے) اور یہ اس کی طرف اشارہ ہے، یعنی الف ایک ہے، اور کسی کو بھی اس رمز کی طرف آگہی نہیں ہے، مگر وہ کہ جو راسخون فی العلم میں شامل ہیں، راسخون فی العلم کون ہیں، کون جانتا ہے یہ کون ہیں

﴿۶﴾ رب العزت قرآن کریم میں ارشاد فرما رہا ہے،

ولا یعلم تاویله الا الله والراسخون فی العلم

پھر اس آیت کے ذیل چھٹے امام حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں،

نحن الراسخون فی العلم ونحن نعلم تاویله

اور اسی کے لیے ایک اہل دل فارسی زبان نے ارشاد فرمایا ہے،

دل گفت مرا علم لدنی هوس است،

تعلیمم کن اگر ترا دست رس است،

گفتم که الف گفت دگر گفتم هیچ،

در خانه اگر کس است یك حرف بس است،

بس یوں سمجھ لیں کہ مرکز الف ظاہر الف باطن الف میہ ہی ہیں،

کائنات کی ہر چیز پہ ان کی ہی ذات کی دلالت ہے، ان کے وجود کا ہی اثبات ہے،

ان کا وجود کائنات کے ہر وجود میں موجود ہے،

ان کے وجود کی وجہ سے کائنات قائم ودائم ہے تو ماننا پڑے گا، کہ پردۂ غیبت میں ایک قائم موجود ہے کہ جس کی وجہ سے ہر ایک کو قرار ہے، جس کی وجہ سے ہر ایک میں جان ہے،

ان کی محبت کی ہی وجہ سے ہی ہر عزیز عزیز ہے، اور ان کی ہی دشمنی کی وجہ سے ہر ذلیل ذلیل ہوا، یہ علت

Presented by Ziaraat.Com

وسبب وجود کائنات ہیں اللہ نے ان کی وجہ سے ان کے لیے ہر ایک کو خلق فرمایا ہے،

اللہ تعالی نے ان کو مرکزیت اور محوریت کا درجہ عطا کیا ہے، ان کو اپنے لیے خلق کیا کائنات کو ان کے لیے خلق فرمایا،

اور ان کی ہی معرفت میں اللہ تبارک وتعالی کی معرفت ہے اسی لیے تو حلال المشاکل ارشاد فرماتے ہیں،

معرفتی بالنورانیة معرفة الله، وولایتی ولایة الله

نورانیت کے ساتھ نور سمجھ کے میری معرفت حاصل کرنا در حقیقت اللہ کی معرفت ہے اور میری ولایت اللہ کی ولایت ہے،

پس کائنات میں تمھیں جو بھی نظر آئے گا، بس وہ ان کے انوار کے جلوے ہیں، اور جس کے پاس ان کی معرفت نہیں وہ بالکل حقائق سے رموز سے اسرار سے بے بہرہ ہے، جس کے پاس یہ نہیں جس کے پاس امیر المومنینؑ نہیں، بارہ اور چودہ کی معرفت نہیں، وہ بالکل ہی خالی اور بے بہرہ ہے،

جیسا کہ روایات میں وارد ہوا ہے،

وبیمنه رزق الوری وبوجوده ثبتت الارض والسماء

ان کے یمن قدوم کی وجہ سے برکت کی وجہ سے کائنات میں روزی تقسیم ہوتی ہے، اور ان کے وجود کی وجہ سے زمین وآسمان کو قرار حاصل ہے،

اور اس کو رب العزت رب العالمین نے حدیث کساء میں کچھ اس طرح سے بیان فرمایا ہے،

فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَا مَلَائِكَتِي وَيَا سُكَّانَ السَّمَوَاتِي إِنِّي مَا خَلَقْتُ السَّمَاءَ مَبْنِيَّةً وَلَا أَرْضًا مَدْحِيَّةً وَلَا قَمَرًا مُنِيرًا وَلَا شَمْسًا مُضِيئَةً وَلَا فَلَكًا يَدُورُ وَلَا بَحْرًا يَجْرِي وَلَا فُلْكًا يَسْرِي إِلَّا فِي مَحَبَّةِ هٰؤُلَاءِ الْخَمْسَةِ الَّذِينَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاءِ

پس اسوقت اللہ جل جلالہ نے ارشاد فرمایا کہ اے میرے ملائکہ اے سکان سموات میں نے آسمانوں کو

Presented by Ziaraat.Com

خلق نہیں کیا، اور نا ہی زمینوں کا فرش بچھایا، اور نا ہی روشن چاند کو خلق کیا، اور نا ہی ضیاء دینے والے سورج کی خلقت کی، اور نا ہی چکر لگانے والے فلک کو خلق کیا،

اور نا ہی سمندروں کو جولانیت عطا کی، اور نا ہی اس میں چلنے والی کشتیاں بنائی، مگر ان پانچ کی محبت میں کہ جو اس کساء یمانی کے نیچے آرام کررہے ہیں،

کیا خوب اھل فارس کے شعراء مداح اہلبیت علیہم السلام میں ایک شاعر کا خوبصورت شعر ہے ارشاد فرماتے ہیں،

هست مداح تو احمد خاتمِ پیغمبران ، دفتر مداح تو قرآن است مولی علیؑ

آپ لکھتے ہیں کہ احمدؐ کے جو خاتم المرسلین ہیں وہ تیرے مداح ہیں، اور تیری مداحی اور فضائل کا دفتر (copy) یاعلی اللہ کا قرآن ہے،

پس جو کچھ بھی ہے وہ ان کے انوار کے جلوے ہیں جیسا کہ اس آیت کے ذیل میں کچھ اس طرح سے ارشاد فرمایا ہے، ہم اور ہماری طرح کے افراد قرآن کریم سے صرف حروف کا ہی مشاہدہ کرتے ہیں ،اس لیئے کہ ہم عوالم ظلمت میں ہیں، تاریکیوں کی وادیوں میں ہیں،

اس لیے کہ جو بھی جس جنس سے ہوتا ہے وہ اپنی حد تک تو درک کرسکتا ہے لیکن اپنے سے ماوراء اس کے اندر درک کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی، اور ان کو آنکھیں بھی اس کو درک نہیں کرسکتی اس لیے کہ آنکھیں رنگوں کی پہچان کرتی ہے، محسوسات حواس بھی اس کو درک نہیں کرسکتے، اس لیے کہ محسوسات اور خیالات درک نہیں کرسکتا مگر خیالات کو مگر محسوسات کو،

عقل بھی ان کا ادراک نہیں کرسکتی اس لیے کہ عقل معقولات کا ہی ادراک کرسکتی ہے یعنی ان کا ادراک کرتی ہے کہ جو عقل میں آسکتی ہیں، پس اس طرح سے نور اور نورانیت کی منزل ہے، کہ نور کو فقط نور اور نورانیت ہی درک کرسکتی ہے، پس اللہ تعالی جس کو نور عطا نہیں کرتا اس کے لیے

Presented by Ziaraat.Com

نور ہی نہیں ہے، پس ہم دل دماغ اور آنکھوں کی سیاہی کے ساتھ فقط حروف کا ہی صرف مشاہدہ کر سکتے ہیں،

پس جب ہم اس تاریکی اور ظلمت اور بدبختی سے نکلتے ہیں، اور جب موت کو درک کرینگے، یا یہ کہ روحانیت کی اس منزل عرفان پہ پہنچ گئے کہ جو درحقیقت مقصود صالحین ہے، پھر ہمیں قرآن کے حروف ہی نظر نہیں آئینگے، خیالات اوھام سے بھی ہم نکل جائینگے، پھر ہمیں صرف سفیدی ہی نظر آئے گی نور نظر آئے گا، کہ جو ہمارا مقصود اور مطلوب ہے، یہ قرآن اللہ تعالی طرف سے مخلوقات کی طرف لاکھوں حجابات کے ساتھ نازل ہوا، جب یہ حجابات ہٹیں گیں، تو فوراً اس وقت اللہ کا نور ہویدا اور روشن ہو جائے گا،

جیسا کہ مشارق انوار الیقین میں ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے آپ قرآن کریم کی اس آیت کے ذیل میں کچھ اس طرح سے ارشاد فرماتے ہیں،

وکل شیء فصلناہ تفصیلا

آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم نے اسے حساب جُمل میں بیان کیا ہے، پس وہ سمجھ گیا جس نے اس سمجھ لیا آپ نے یہ امیر المومنینؑ کے حوالے کیا، اور اسی طرح سے یہ معصومین علیھم السلام میں منتقل ہوتا رہا، اور وہ (۸) کلمات اور (۲۸) حرف ہیں، اور ان میں سے ہر حرف اپنے ضمن میں محمد و علی علیھما السلام کے ناموں کا حامل ہے، وہ ضرور ان اسماء کو حاصل کر سکتا ہے کہ جو اس علم میں ذرہ برابر بھی تتبع فہم وادراک رکھتا ہے، مگر شرط اصلی وہی ہے معصومین علیھما لسلام کی تائید کے ساتھ ہی یہ علم اور اس کے اسرار حاصل ہو سکتے ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿ساتویں فصل﴾

﴿اسرار، با، و باقی حروف﴾

ترتیب ابجدی کے لحاظ سے اسرار حروف کچھ اس طرح سے ہیں

☆ **حرف ب**، حقائق کے لحاظ سے **مظہر جلیل** ہے اور یہ ان حروف میں سے ہے کہ جو قیامت تک باقی رہیں گے اور یہ **حقیقت باطن الالف** ہے۔

☆ **حرف ج**، یہ عالم ملکوت کا حرف ہے اور تمام عوالم میں مشترک ہے حقائق کے لحاظ سے حروف جسمی میں شامل ہے۔ اور جیم ان کے جمالات جنتی کا مظہر ہے اور یہ مظہر جمال ہے،

جب اللہ کے جلال کا مظہر بنتا ہے تو **جیم الجلال کردگار** بن جاتا ہے اور یہ اللہ کا جہنمیوں پہ جلال ہے۔ اور دنوں میں اس کا دن جمع کا دن ہے، اس کی ساعت زہرہ ہے برج اس کا ثور ہے۔

ملائکہ علویہ میں **عنائیل** ہیں اور **ملائکہ سفلیہ** میں **جھطائیل** ہیں اور اس کا اسم جامع جلیل جواد ہے اور ہر وہ اسم ہے کہ جس کے اول میں جیم ہے۔

☆ **واما الدال**؛ حقائق کے لحاظ سے حضرت کمال کا نام ہے اور مقام اعتدال کے لحاظ سے مقام اشارہ پر فائز ہے۔ اس کا اسم ودود ہے اور احمد اور محمد ہیں دن یوم الاربعاء ہے۔ اور کواکب میں عطارد ہے اور سر دج میں جوزا ہے۔ ملائکہ علویہ میں دردائیل ہے

☆ **واما الهاء**؛ حقائق کے لحاظ سے حقیقت وجوب پے فائز ہے

اور من حیث الاشائۃ حاظر رکھتا ہے غیب کلی ہے اور عبارت کے لحاظ سے ارواح کا سرور ہے اور اس کا جمعے کا دن ہے۔ اور اس کے اسماء ہی اسم اعظم الٰھی ہے الھادی ہے

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو۔

Presented by Ziaraat.Com

☆**واما الولو** ؛ **فھو من حروف العرش** ؛ اس کا وجود مطلق ہے دن اس کا منگل ہے کوکب مریخ ہے؛ برج عقرب ہے ہر اسم حسن کا مظہر ہے کہ جس کے اول میں واو ہو. **یوم الاربعا** سکا دن ہے.

☆**واما الھاء** ، حقائق کے لحاظ سے اس کا وجود واجب ہے غیب پر احاطہ کیے ہوئے ہے دن اس کا جمعے کا دن ہے ملک **متوکل ممطائیل** ہے اور آیات میں سے

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو.

☆**واما الزا** ؛ عظمت کا حقائق کے ساتھ مالک ہے (**یوم الاربعا**) کا مالک ہے **میکائیل** ملک متوکل ہے،

اس کا ہر اس اسم حسنیٰ کے ساتھ ہے جس میں **ز** وارد ہوا ہے.

☆**واما الحاء** ؛ یہ نورانی حرف ہے حقائق کے لحاظ سے ایسا جسم ہے کہ جس کی نا کوئی ضد ہے، اور لطائف کے لحاظ سے ایسا کنواں ہے کہ جس کی گہرائی کا کوئی علم نہیں.

اور **من حیث الاشارۃ بکامل صورۃ غیبیہ** صورت غیبیہ کا کامل عکس ہے. اور یہ حرف ترابی **نورانی روحانی. جمالی صامت متوافی.** اور یہ اسم کمال کے لیے استعمال ہوتا ہے.

جیسے **اسم الحی** اور یہ **حرف عظیم القدرۃ** ہے اور اس کی قوت آٹھ میں ہے، اس لیے کہ اس کے عدد آٹھ ہی ہیں، اور **ابواب جنۃ** بھی آٹھ ہی ہیں.

یوم الخمیس اس کا دن ہے مالک موکل میں سے ان کا **ملک متوکل حرفیائیل** ہے اور ہر اسم ح کے مظہر ہے جس کے اول میں حا ہے **الحی الحکیم الحسن.**

☆**واما الطاء** اس نے علوم پہ احاطہ کیا ہوا ہے. اور اس کا دن شنبہ کا دن ہے.

☆**واما الیا** ، یہ حقائق کے ساتھ ان مدارک پہ فائز ہے کہ جو کوئی اس تک پہنچ ہی نہیں سکتا، اور **لطائف** کے لحاظ سے قوۃ انعام ہے. اور یہ کرسی کے حروف میں آتا ہے اور یہ وہ نور ہے کہ جو اللہ نے

Presented by Ziaraat.Com

کرسی میں پیدا کیا ہے.

به تشکلت الاشیاء فی العالم الابداع الاول وبه یتصرف فی عالم الابداع الثانی.

☆واما الکاف، کہ یہ حقائق میں ظہور کمال ہے اشارت کا دارومدار اس پہ ہے اور اس کی نسبت اور منزلت الف کی منزل ہے۔ جمعرات کا دن اس سے منسوب ہے۔ ہر اسم احسن کا مظہر ہے کہ جس کے اول میں کاف ہے.

مثل الکافی الکریم الکبیر. ان الکاف باطن الامر و باطن العلم، و باطن العرش وباطن الکرسی وباطن السور وباطن الاملاک و باطن العوالم و باطن الافلاک فباطن جمیع العوالم، والکاف سر العقل. والنون سر الروح، والکاف والنون هما خزائن الله من قول الله عزوجل.

ہر چیز اس کاف اور نون سے معرض وجود میں آئی ہے.

کن فیکون الکاف سر الامر - والنون سر المامور ہے.

☆واما اللام، فهو اصل و بدو وتمام من حروف التعریف. یہ اسم اعظم کا حرف ہے، یہ حروف ازلیہ و ابدیہ میں سے ہے، اور ہزاروں قوتوں کا مالک ہے اور یہ عوالی و بلند و بالا حروف میں سے ہے حقائق سے اس کی نسبت امر کی ہے۔ اور حیث اشارہ میں اس کی نسبت مظہر جمال اور مظہر جلال کی ہے؛ ومن حیث اللطائف ذات اللطف کی نسبت اس کے ساتھ ہے.

ایام میں یوم الاثنین اسکا دن ہے اور کواکب میں قمر اسکا ہے۔ بروج میں سرطان اسکا برج ہے اور منازل میں سعد السعود اکی منزل ہے۔ اور ملک متوکل صاصائیل اسکا ملک متوکل ہے ہر اسم کا مظہر ہے جو اول میں لام لیے ہوئے ہیں مانند لطیف؛

☆**واما الميم** حقائق کے لیے لحاظ سے نفس کلیہ کا حامل ہے اسلیے کہ

لا شكل له في ذاته ولا نطق له في صفاته اور یہ حروف لوح میں سے ہے . **وهو حرف حار في الجمله . وله في الايام يوم الخميس** کو کب مشتری ہے.

برج میزان ہے. **مئوکل ملک طوها ئیل** ہر اسم جسکے اول میں میم ہے اس کا مظہر ہے.

☆**واما النون** ؛ حقائق کے لحاظ سے نورانی حرف ہے اور اشارۃ کے لحاظ سے نور محض ہے. اور یہ **حرف بلرد** ہے.

یہ صورت عرش ہے یہ حقیقت امر ہے یہ ماموا امر ہے.

لانه هو باطن العلم والقلم وظاهر العرش وسر الامداد وله من الايام يوم الثلثاء

برج حمل. اس کا ہے. ملک مئوکل نوریائیل ہے. ہر اول اسم کا مظہر ہے.

☆**واما الصاد** ؛ حقائق کے لحاظ سے صفاء محض ہے اشارات کے لحاظ سے حرف صمدانی ہے اور لطائف کے لحاظ سے یہ حرف سر الصفات ہے

. وهو حرف من حروف الملكوت هي وهو صور المعلوم وهو الحامل اللارواح العلويه والسفليه وهو مكان اللطيف وهو حرف قائم بنفسه .

☆**واما العين** ؛ حقائق کے لحاظ سے حجب ملکوتیہ میں ہے، اور اشارہ کے لحاظ سے قوۃ علیہ کا سبب اصلی ہے اور لطائف کے لحاظ سے وہ غیب ہے کہ جس کو درک نہیں کیا جا سکتا، یہ عرش کی پہلی صورت کا نام ہے اور عوالم میں اختراع عوالم میں ہے. **وله من الايام يوم الاحد .**

☆**واما الفاء**؛ وہ حرف ہے کہ **ينطق بالفردانيه يوم الاثنين .**

☆**واما السين** ؛ عالم امر میں عظیم القدر حرف ہے، اور یہ وہ حرف ہے کہ جو با کے بعد لایا گیا اور یہ ایجاد کی اصل ہے. اور حقیقتوں کی عطا ہے. اور یہ وہ سر الاسرار ہے کہ جسکی وجہ سے آسمان و

Presented by Ziaraat.Com

زمین کھڑے ہوئے، اور یہ حروف اسم اعظم میں سے ہے۔ اور اسکی ایک شکل ظاہر ہے۔ اور ایک اسکے ظاہر کا باطن ہے ظاہر اسکا صامت ہے۔ باطن اس کا ناطق ہے، اسی پے آسمان اور زمینوں کی بنیاد رکھی گئی۔ اور اسکے باطن سے علویات عرش کرسی ملائکہ وجود میں آئے۔ جیسا کہ اظہر من الشمس ہے،

☆**واما القاف؛** حرف احاطی ہے۔قمری ہے۔نور الانوار اور یہ وہ حقیقت ہے جس سے قلم ظاہر ہوئی۔ اور یہ حرف ہے کہ جس نے اللہ کے ۹۹ اسماء حسنیٰ پر احاطہ کیا ہوا ہے اسم اعظم کے باطن میں پوشیدہ ہے اس لیے اس کے ساتھ ۱۰۰ ہو جاتے ہیں۔

☆**واما الراء؛** یہ حرف عالم اختراع کا مظہر ہے۔اس میں سر بجہث ارواح ہے۔دائرہ توحیدیہ میں شامل ہے۔اور دائرہ احاطہ نبویہ میں شامل ہے۔ **اول حرف کتبه القلم اول حرف النقش فی العرش .**

☆**واما الشین؛** ۔ یہ مبدا وجود ہے واصل اختراع ثانی ہے۔مثلث ظاہر حروف معجمی ہے۔

☆**واما التاء؛** مجمع تفصیل امری ہے **ومن حیث الاشارہ نبوت الالھیہ** ہے۔وفی الامتیاز ہے اور یہ حروف عظیم القدر ہے۔

☆**واما الثا؛** حرف ثبوتی ہے۔ **کالجبل العظیم** بلند رتبے کا مالک ہے۔دن خمس کا دن ہے۔ **اسماء ثابت . غیاث ۔ مغیث ۔متضیف ،باعث ، الی آخرہ .**

☆**واما الخا؛ حرف ترابی** ہے اور دن خمیس کا دن ہے۔ ہر اسم جسکے اول میں خ ہے یہ اسکا مظہر ہے، **مثل الخبیر** ہے۔

☆**واما الذال؛** حقائق حکمتی کا پرتو ہے،یوم **الثلثا** اس کا دن ہے۔

☆**واما الضاد؛** مظہر انتقام ہے اور اشارہ میں ظہور کون اکوان ہے۔دن سبت کا دن ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

